روزنامہ نوائے وقت (3) 21 اگست 2026ء

Jubilee
LIFE INSURANCE

## اعلان برائے عبوری کیش ڈیویڈنڈ، بونس شیئرز اور کُتب کی بندش 2026

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ (کمپنی) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 18 اگست 2026 کو منعقدہ اپنی میٹنگ میں فی شیئر 3 روپے کے عبوری کیش ڈیویڈنڈ یعنی 30% ادائیگی کا اعلان کیا ہے اور مالیاتی سال مختتمہ 30 جون 2026 کیلئے ہر دو شیئرز کیلئے ایک شیئر کے بونس شیئر یعنی 50% کے اجراء کی منظوری دی ہے کمپنیز (مزید شیئرز کے اجراء) ریگولیشن 2020 اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی متعلقہ شرائط کی تعمیل میں بونس شیئرز اور ڈیویڈنڈ کے استحقاق کا تعین کرنے کیلئے کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ایک یوم کے لیئے یعنی 28 اگست 2026ء کو بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ بمقام CDC ہاؤس B-99، بلاک SMCH، B، مین شاہراہ فیصل کراچی میں مورخہ 27 اگست 2026ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والے تمام ترمکمل اور درست ٹرانسفر دستاویزات کو مذکورہ بالا استحقاق کے تعین کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرانک طریقے (e-Dividend) سے ادائیگی**

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات 242 اور 243 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ ریگولیشنز 2017) کے مطابق، لسٹڈ کمپنی کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ اپنے حقدار شیئر ہولڈرز کو فزیکل ڈیویڈنڈ وارنٹس کے بجائے کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف بذریعہ الیکٹرانک طریقے سے براہِ راست مذکورہ شیئر ہولڈرز کے بینک اکاؤنٹس میں کرے۔

SECP کی ہدایات کے مطابق، کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو فزیکل ہولڈنگ کی صورت میں ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لیے اپنے بینک اکاؤنٹ کی مکمل تفصیلات مع انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) باضابطہ طور پر پُر کیا گیا اور دستخط شدہ بینک مینڈیٹ فارم، ہمارے شیئر رجسٹرار "CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ" کو اور CDS اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ کی صورت میں، انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا اُن کی بروکریج فرم کو، جیسا بھی معاملہ ہو، فراہم کریں، اس سلسلے میں شیئر ہولڈرز کمپنی کی ویب سائٹ https://www.jubileelife.com/wp-content/uploads/2023/08/Bank-Mandate-Form.pdf سے بینک مینڈیٹ فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

قانون کی مذکورہ بالا دفعات کی عدم تکمیل یا درست CNIC یا شیئر ہولڈرز کے IBAN / بینک اکاؤنٹ کی درست تفصیلات کی عدم دستیابی کی صورت میں، کمپنی SECP کی ہدایات کے مطابق ایسے ممبران کے کیش ڈیویڈنڈ روک لے گی۔

**بونس شیئرز:**

ہر دو موجودہ شیئرز کے عوض 1 بونس شیئر یعنی 50% کے تناسب سے بونس شیئرز ان اہل شیئر ہولڈرز کے متعلقہ اکاؤنٹس میں کریڈٹ کیے جائیں گے جن کے نام 27 اگست 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں درج ہوں گے۔

بونس شیئرز کی نمائندگی کرنے والے فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس، اگر قابل اطلاق ہوں تو اہل شیئر ہولڈر کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کر دیئے جائیں گے، تاہم CDS اکاؤنٹس کے حامل شیئر ہولڈرز کے بونس شیئرز مقررہ طریقۂ کار کے تحت ان کے متعلقہ CDS اکاؤنٹس میں الیکٹرانک طریقے سے کریڈٹ کر دیئے جائیں گے۔

**ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی**

ڈیویڈنڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی شرح فائلرز کے لیے 15% اور نان فائلرز کے لیے 30% ہے۔ تمام ممبران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اُن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ (ATL) پر دستیاب ہیں بصورت دیگر ڈیویڈنڈ پر 15% کے بجائے 30% ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

مزید برآں، مشترکہ ہولڈرز کے سلسلے میں ان کے متعلقہ شرح/شیئر، اگر کوئی ہوں، کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی ہوگی، جو شیئر ہولڈرز کی جانب سے شیئر رجسٹرار کو مطلع کیا گیا ہو، بصورت دیگر ان کی شیئر ہولڈنگ/شیئر کو مساوی سمجھا جائے گا۔

| کمپنی کا نام | فولیو/ سی ڈی ایس اکاؤنٹس نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈنگ | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | | |

مذکورہ معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ ذیل پتے پر 27 اگست 2026 یا اُس سے پہلے تحریری طور پر فراہم کی جانی چاہئے، بصورت دیگر یہ سمجھا جائے گا کہ شیئرز پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر(ز) کے پاس یکساں طور پر ہیں۔

**ودہولڈنگ ٹیکس کی چھوٹ**

ڈیویڈنڈ انکم پر ٹیکس کی چھوٹ صرف اُس صورت میں ہوگی جب ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ CDC ہاؤس B-99، بلاک B، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کو درست ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی کاپی فراہم کی جائے گی۔

**CDC کی e-Services ویب پورٹل کی رجسٹریشن**

سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی (CDC) آف پاکستان لمیٹڈ نے سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) متعارف کرایا ہے۔ جو کہ (e-Services) ویب پورٹل ہے جس میں لسٹڈ کمپنیز کے ادا کردہ غیر ادا شدہ یا روکے گئے کیش ڈیویڈنڈ سے متعلق تفصیلات شامل ہیں۔ (CCDR) کی جانب سے لسٹڈ کمپنیز کے شیئر ہولڈرز کو ادا شدہ منافع کی تفصیلات کو برقرار رکھنے اور اس سلسلے میں شیئر ہولڈرز کو تمام متعلقہ معلومات تک رسائی فراہم کرنے میں مدد کرتا ہے۔ مذکورہ ویب پورٹل شیئر ہولڈرز کو مرکزی رجسٹر سے کیش ڈیویڈنڈ کی تفصیلات اخذ کرنے اور اپنے ریکارڈ کے مقاصد کے لیے استعمال کرنے میں سہولت فراہم کرتا ہے۔ شیئر ہولڈرز https://csp.cdcaccess.com.pk کے ذریعے (CCDR) ویب پورٹل تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

مذکورہ بالا کے علاوہ ڈیویڈنڈ/ زکوٰۃ اور ٹیکس کی رپورٹ براہ راست پارٹیسپنٹس (اسٹاک بروکرز) سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے جو انہیں ان کے CDS ٹرمینلز پر فراہم کی گئی ہے۔ مزید برآں، شیئر ہولڈرز اپنے فراہم کردہ ای۔میل ایڈریسز کے ذریعے بھی رپورٹس کی کاپی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

بحکم بورڈ
نجم الحسن جنجوعہ
کمپنی سیکریٹری

تاریخ: 21 اگست 2026
کراچی

www.jubileelife.com
UAN: (021) 111-111-554